۵۔ راجا جامبھولوچن

سوالات کے جوابات

سوال:۔ جامبھولوچن کیسا راجہ تھا؟

جواب:۔ راجہ جامبھولوچن بڑا سخی اور ادب نواز راجا تھا۔ وہ اپنی رعایا سے بہت محبت رکھتا تھا۔ وہ ایک نرم دل، رعایا پرور بادشاہ تھا۔ اس کے دربار میں ہر ایک کو رسائی حاصل تھی۔ وہ ہر ایک کی فریاد سننے کے لیے ہمیشہ تیار رہتا تھا۔

سوال:۔ شیر اور بکری والے واقعے کی یادگار کہاں اور کس طرح قائم کی گئی؟

جواب:۔ شیر اور بکری کی یادگار اسی مقام پر جہاں راجا جامبھولوچن نے ایک شیر اور بکری کو ایک ساتھ پانی پیتے دیکھا اس طرح قائم ہوئی کہ راجہ نے وہاں ایک خوب صورت شہر بسایا اور اپنے نام سے منسوب اس کا نام جامبھو رکھا۔ جواب جموں کہلاتا ہے۔ اس طرح جموں شہر شیر اور بکری کی یادگار ہے۔

سوال:۔ شکار کے وقت جامبھولوچن نے جنگل میں کیا منظر دیکھا؟

جواب:۔ شکار کے وقت راجہ جامبھولوچن نے جنگل میں یہ منظر دیکھا کہ ایک شیر اور ایک بکری دونوں اکٹھے تالاب سے پانی پی رہے ہیں۔

سوال:۔ اس سبق میں جو واقعہ بیان کیا گیا ہے، اسے اپنے لفظوں میں بیان کیجئے!

جواب:۔ اس سبق میں جو واقعہ بیان کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ جنگل میں شکار کے دوران راجا جامبھولوچن نے ایک تالاب دیکھا جس کے ایک گھاٹ پر شیر اور بکری دونوں ایک ساتھ پانی پی رہے تھے۔ اس منظر نے راجہ کے دل میں ہمدردی اور رحم دلی کے جذبات پیدا کر دئے اور انہیں بہت متاثر کیا۔ اس نے نہ صرف یہ کہ ہمیشہ کے لیے شکار کرنا چھوڑ دیا بلکہ اس واقعہ کی حسین یادگار کے طور پر ایک خوبصورت شہر بسایا جس کا نام جامبھو رکھا گیا، جواب جموں کہلاتا ہے۔

☆☆☆ صفت سے اسم بنتا ہے آپ بھی بنائیے ☆☆☆

صفت فیاض سے فیاضی اور سخی سے سخاوت اسم بنتا ہے۔ اس سبق سے پانچ صفت تلاش کیجیے اور پھر ان سے اسم بنائیے!

خوش حال---------خوشحالی	اچھا-------------اچھائی
مشہور---------شہرت	حیران--------------حیرت
قصہ گو---------قصہ گوئی	محتاج-------------محتاجی
خوش-----------خوشی	خوب صورت---------خوب صورتی